شہد سے میٹھا نام
محمد ﷺ
تصنیفِ لطیف
شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا
علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی قادری مدظلہ
ناشر
ادارہ تصنیفات علامہ اویسی بہاولپور

۷۸۶
۹۲

کتاب ہذا میں تاجدار کل کائنات امام الانبیاء والرسل حضور سید عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم مبارک محمد کے فضائل وکمالات ومعجزات وبرکات بہترین عجائبات اور اعلیٰ نکات و لطائف کا بیان ہے

شہد سے میٹھا نامِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

تصنیف لطیف

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی قادری مدظلہ

ناشر

اِدارہ تصنیفات علامہ اُویسی بہاول پور

تقسیم کار

مکتبہ اویسیہ رضویہ ملتان روڈ بہاول پور (پاکستان)

نام کتاب	شہد سے میٹھا نام محمد
مصنف	حضرت علامہ محمد فیض احمد اویسی
تصحیح	چودھری مشتاق محمد خاں صاحب
ناشر	ادارہ تصنیفات علامہ اویسی بہاول پور
بہ اہتمام	حافظ رحیم بخش اویسی ناظم مکتبہ اویسیہ
طابع	
ضخامت	صفحات
طباعت	آفسٹ
سائز	۱۸ × ۲۳ / ۸
بار دوم	۱۴۰۵ھ / ۱۹۸۵ء
قیمت	۳۰/ روپے

اس کے بعد امام موصوف قدس سرہ نے نظم میں یوں لکھا ہے

لقد باالذباب فلیس یعلو ؛ رسول اللہ محمود احمد
و نقد الحرف یحکیہ بشکل ؛ لذاک الخط عنہ وقد تجرد

اس کا اور عربی عبارت کا وہی مفہوم ہے جو ہم نے اوپر عرض کر دیا ہے۔

پیارے غوث جیلانی کے جسم پر مکھی نہیں بیٹھتی تھی

امام موصوف کتاب مذکور کے اسی مقام پہ لکھتے ہیں کہ " وقد نقل مثلہ عن ولی اللہ العارف بہ الشیخ عبد القادر الکیلانی۔ یعنے جیسے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے جسم اطہر پر مکھی نہیں بیٹھتی تھی۔

کرامت اور معجزہ ایک شی ہے

یہاں پر کسی کو غلط فہمی ہو کہ نبی علیہ السلام اور غوث پاک کی ایک شان ہو گئی۔ اس کے سوال میں امام موصوف لکھتے ہیں۔

" ولا بعد فیہ لان معجزات الانبیاء قد تکون کرامتہ اولیاء امتہ "

یعنے اس میں کوئی اشکال نہیں۔ اسلئے کہ انبیاء علیہم السلام کے معجزات اولیاءؑ کی کرامت کے طور پر ظاہر ہوتی ہیں۔ اس مسئلہ کی مزید تحقیق فقیر اویسی غفرلہٗ کے رسالہ " احیاء الموتیٰ " میں دیکھیئے۔

غوث جیلانی کا کیا کہنا

امام شعرانی قدس سرہ نے لکھا کہ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی نیند بھی ناقض وضو نہیں تھی۔ علاوہ ازیں غوث پاک کے کمالات کی تفصیل فقیر کی کتاب بڑے پیر کی بڑی شان پڑھیئے۔ اسی علت پر ہم اہلسنت حضور نبی اکرم